124206-روزے کی حالت میں مصنوعی آکسیجن استعمال کرنا

سوال

کچھ مریض سانس میں تنگی کی بنا پر مصنوعی آکسیجن استعمال کرنے کے ضرورتمند ہوتے ہیں کیا یہ روزے پر اثرانداز ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

بعض مریضوں کو آکیسجن لگائی جاتی ہے یہ روزے کو باطل نہیں کرتی، کیونکہ آکسیجن میں کسی اور مادے کا اضافہ نہیں کیا جاتا تو اس کا حکم طبعی سانس کا ہوگا.

اس لیے مجمع الفقہ الاسلامی کی قرار ہے :

"درج ذیل امور مفطرات یعنی روزہ توڑنے والی اشیاء میں شامل نہیں ہوتیں..... آکسیجن گیس" انتہی

دیکھیں : میگزین مجمع الفقہ الاسلامی (10/2/96–454).

اور دیکھیں : مفطرات الصیام المعاصرۃ تالیف ڈاکٹر احمد خلیل صفحہ نمبر (50).

واللہ اعلم.